# 28-02-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیرِ مملکت برائے امورِ داخلہ بنڈی سنجے کمار نے مطالبہ کیا ہے کہ تعلیمی کمیشن کی رپورٹ کوفوری طور پر مسترد کیا جائے۔

۲۔تلنگانہ کے وزیر برائے سڑکیں،عمارات وسنیماٹوگرافی کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ تعمیراتی شعبہ ریاست کی معاشی ترقی کا ایک اہم ستون ہے۔

۳۔آندھراپردیش کے ضلع کاکیناڈا میں فائر ورکس فیکٹری میں دھماکہ ہوا جس کے نتیجہ میں 18 افراد ہلاک اور آٹھ شدید زخمی ہوگئے۔

۴۔ڈونالڈٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل نے ایران کے خلاف ایک مربوط فوجی کارروائی کا آغاز کردیا ہے،جس میں دارالحکومت تہران سمیت کئی بڑے شہروں کونشانہ بنایا گیا۔

DONALD TRUMP:

ڈونالڈٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل نے ایران کے خلاف ایک مربوط فوجی کارروائی کا آغاز کردیا ہے،جس میں دارالحکومت تہران سمیت کئی بڑے شہروں کونشانہ بنایا گیا۔
امریکی صدر کے مطابق اس بڑے آپریشن کا مقصد امریکی قومی سلامتی کو درپیش فوری خطرات کو غیر مؤثر بنانا اور شہریوں کوایرانی حکومت سے لاحق خطرات سے محفوظ رکھنا ہے۔دوسری جانب اسرائیلی وزیرِ دفاع اسرائیل کاٹز نے پیشگی حملے کا اعلان کرتے ہوئے ملک بھر میں ہنگامی حالت نافذ کردی ہے۔تہران میں عینی شاہدین نے سپریم لیڈر کے دفاتر کے قریب زوردار دھماکوں اور گہرے دھوئیں کی اطلاع دی ہے،جس کے بعد ایرانی فضائی حدود بند کردی گئی اور ٹیلی کمیونی

کیشن نظام میں شدید خلل پیدا ہوا۔ اسرائیلی فوج کے مطابق ایران کی جانب سے داغے گئے میزائلوں کی نشاندہی کی گئی ہے، جس کے باعث مختلف علاقوں میں سائرن بجا دئے گئے۔ دونوں ممالک نے ایران یا اس کے علاقائی اتحادیوں کی ممکنہ جوابی کارروائی کے پیش نظر شہریوں کے تحفظ کے لیے ہائی الرٹ جاری کر دیا ہے۔

PM RAJASTHAN:

راجستھان اور اجمیر میں نریندر مودی نے 14 سالہ بچیوں کے لیے ملک گیر ایچ پی وی ویکسینیشن مہم کا آغاز کر دیا۔ اس مہم کا مقصد سروائیکل کینسر کی روک تھام ہے۔ تقریب میں پانچ بچیوں کو ویکسین لگائی گئی، جس میں وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما اور گورنر ہری بھاؤ باگڈے سمیت دیگر اعلیٰ حکام موجود تھے۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے 16 ہزار کروڑ روپے سے زائد مالیت کے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد بھی رکھا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ ان کی حکومت خواتین کی صحت اور بااختیاری کو اولین ترجیح دیتی ہے، کیونکہ خواتین ہر گھر کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ویکسینیشن مہم حساس طرزِ حکمرانی کی عکاسی کرتی ہے اور 2014 سے شروع کی گئی خواتین دوست اسکیموں کا تسلسل ہے۔

DAMODAR RAJANARASIMHA

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے حیدرآباد کے کنگ کوٹھی ڈسٹرکٹ ہاسپٹل میں ریاست بھر میں ایچ پی وی ویکسینیشن مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ یہ تین ماہ پر مشتمل مہم ہے۔ پہلے مہینے میں ویکسین تمام سرکاری جنرل اسپتالوں، ایریا اسپتالوں اور کمیونٹی ہیلتھ سینٹرس میں دستیاب ہوگی، جبکہ بعدازاں اس پروگرام کو ریاست کے تمام پرائمری ہیلتھ سینٹرز تک توسیع دی جائے گی۔ طبی

ماہرین نے اس اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ مہم نوجوان بچیوں اور خواتین کو سروائیکل کینسر کے طویل المدتی خطرات سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

EMBASSY OF INDIA:

اسرائیل میں واقع ہندوستانی سفارت خانہ نے خطہ میں سیکورٹی کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر اسرائیل میں مقیم بھارتی شہریوں کے لیے ہائی لیول ایڈوائزری جاری کر دی ہے۔ سفارت خانے نے شہریوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ انتہائی احتیاط برتیں، مقامی حفاظتی ہدایات پر سختی سے عمل کریں، نامزد پناہ گاہوں کے قریب رہیں اور غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ سرکاری ایمرجنسی الرٹس پر نظر رکھیں اور مقامی نیوز چینلز کے ذریعے تازہ صورتحال سے باخبر رہیں۔ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں شہری 24 گھنٹے ہیلپ لائن +972-54-7520711 یا ای میل cons1.telaviv@mea.gov.in کے ذریعہ سفارت خانے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

KARIMNAGAR MAYOR

کریم نگر کے میئر کے سرینواس نے ایس آر آر گورنمنٹ ڈگری کالج میں وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ 2026 کا افتتاح کیا۔ یہ پروگرام مرکزی وزارت برائے امورِ نوجوانان کے تحت منعقد کیا گیا۔ طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے میئر نے وزیرِ اعظم نریندر مودی کے 2047 تک بھارت کو عالمی رہنما بنانے کے وژن پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے نوجوانوں کو قومی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کی ترغیب دی اور 1975 کی ایمرجنسی جیسے تاریخی واقعات پر غور کرنے کا مشورہ دیا تاکہ شہری آزادیوں کی قدر کو بہتر طور پر سمجھا جا سکے۔ طلبہ کو جمہوری آزادیوں اور بھارت کے مستقبل کی تشکیل میں اپنے کردار پر مباحثے کی بھی حوصلہ افزائی کی گئی۔

Sound Byte

HARISH RAO :

ٹی ہریش راؤ نے قاضی پیٹ میں منعقدہ ایک بڑے احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ قاضی پیٹ ریلوے کوچ فیکٹری میں 80 فیصد ملازمتیں مقامی نوجوانوں کے لئے مختص کی جائیں۔انہوں نے کہا کہ ریاست تلنگانہ مقامی روزگار کے حقوق کی جدوجہد کے نتیجے میں حاصل کی گئی تھی۔انہوں نے یاددلایا کہ کے چندرشیکھر راؤ نے ماضی میں صدارتی احکامات کے ذریعے سرکاری ملازمتوں میں 95 فیصد مقامی ریزرویشن کو یقینی بنایا تھا۔ان کا کہنا تھا کہ کوچ فیکٹری کا قیام بھی تلنگانہ کی تشکیل کی بدولت ممکن ہوا اور پارٹی خطہ کے نوجوانوں کو ان مواقع سے مستفید کرانے کے لئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے سکندرآباد کے کلاسک گارڈنز میں تقسیمِ اسناد کی تقریب میں شرکت کی، جہاں کھادی اینڈ ویلیج انڈسٹریز کمیشن کے تحت بے روزگار نوجوانوں میں جدید مشینری اور ٹول کٹس فراہم کی گئیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی حکومت دیہی نوجوانوں اور خواتین کو بااختیار بنانے پر توجہ دے رہی ہے، جس کے تحت بینکوں کے ذریعہ تربیت اور مالی معاونت فراہم کی جارہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھادی کے فروغ سے ریکارڈ توڑ فروخت حاصل ہوئی ہے، جس سے دیہی بنکروں کو نمایاں فائدہ پہنچا ہے۔ اس اقدام کا مقصد نوجوانوں میں خودانحصاری کو فروغ دینا اور روایتی گھریلو صنعت کو مضبوط بنا کر مقامی روزگار کے مواقع بڑھانا ہے۔

Sound Byte

SEETHAKKA:

وزیر برائے پنچایت راج وترقی نسواں سیتا اکا نے کہا ہے کہ انصاف کی علامتی نمائندگی ایک خاتون کی صورت میں ہونے کے باوجود عدلیہ میں خواتین کی شرکت اب بھی ناکافی ہے۔ وہ وشویشوریا بھون میں منعقدہ ویمن ایڈووکیٹس کنونشن 2026 میں بطور مہمانِ خصوصی شریک ہوئیں۔خواتین وکلا کے بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے زور دیا کہ بنچ پر خواتین کی بڑھتی ہوئی نمائندگی زیادہ جامع انصاف کی فراہمی میں مددگار ثابت ہوگی۔ انہوں نے اپنی ذاتی جدوجہد کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ کس طرح انہوں نے محنت کے ذریعے سماجی و معاشی رکاوٹوں کو عبور کیا، اور خواتین پر زور دیا کہ وہ فیصلہ سازی کے عمل میں قائدانہ کردار ادا کریں۔

VEMULAWADA

ویملوارہ کے ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس رُتھویک سائی نے آگراہارم میں منعقدہ ایک آگاہی پروگرام کے دوران سڑک حادثات کی روک تھام میں طلبہ کے کلیدی کردار پر زور دیا۔ پروگرام میں جواہرلال نہرو ٹکنالوجیکل یونیورسٹی ، پولی ٹیکنک اور ڈگری کالجوں کے طلبہ نے شرکت کی۔انہوں نے روڈ سیفٹی، ٹریفک قوانین کی پابندی، منشیات کے استعمال اور سائبر جرائم کے خطرات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ ان کا کہنا تھا کہ ابتدائی مرحلے میں شعور بیدار کرنے سے حادثات میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے۔انہوں نے طلبہ کو ہمہ وقت چوکنا رہنے کی تلقین کی۔ طالبات کو ہدایت دی گئی کہ وہ کسی بھی ہراسانی کی صورت میں بلا جھجھک شی ٹیمز کو اطلاع دیں تاکہ ضلع میں محفوظ ماحول کو یقینی بنایا جاسکے۔

KOMATIREDDY

تلنگانہ کے وزیر برائے سڑکیں، عمارات وسنیماٹوگرافی کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ تعمیراتی شعبہ ریاست کی معاشی ترقی کا ایک اہم ستون ہے اور بلڈرز کو چاہیے کہ وہ حکومت کے ساتھ قریبی تعاون کریں۔ وہ بلڈرز ایسوسی ایشن آف انڈیا کی جانب سے منعقدہ نیشنل میجنگ کمیٹی اور جنرل کونسل میٹنگ 2025-26 میں بطور مہمانِ خصوصی شریک تھے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں ریاستی حکومت بنیادی ڈھانچے کی ترقی کو ترجیح دے رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وژن 2047 کے ہدف کے تحت سڑکوں اور عوامی عمارات کی تعمیر میں اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے صنعتوں سے جڑے افراد پر زور دیا کہ وہ پائیدار ترقی اور جدید انفراسٹرکچر کے قیام میں فعال شراکت دار بنیں۔

BJP MEETING

بی جے پی مقنّنہ پارٹی کے لیڈر رائے مہیشور ریڈی نے الزام عائد کیا ہے کہ ریاست میں امن و امان کی صورتحال مکمل طور پر تباہ ہوچکی ہے اور محکمہ داخلہ کو سیاسی اثر ورسوخ کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ کاماریڈی میں رکن اسمبلی کے وینکٹ رمنا ریڈی کے کیمپ آفس میں منعقدہ بی جے پی اجلاس کے دوران انہوں نے کانگریس حکومت کو غیر مؤثر طرزِ حکمرانی پر تنقید کا نشانہ بنایا۔ اجلاس میں اراکین اسمبلی پائل شنکر اور دھن پال سوریہ نارائنا گوپتا سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ بجٹ اجلاس کے لیے حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ رہنماؤں نے عزم ظاہر کیا کہ کسانوں کے قرض معافی، بے روزگاری اور زیر التوا فلاحی اسکیموں کے معاملات پر حکومت کا موثر محاسبہ کیا جائے گا۔ انہوں نے تمام علاقوں کے لیے منصفانہ بجٹ مختص کرنے کا مطالبہ کیا اور عوامی مسائل پر اسمبلی کے اندر اور باہر آواز بلند کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

BANDISANJAY

مرکزی وزیرِمملکت برائے امورِداخلہ بنڈی سنجے کمار نے مطالبہ کیا ہے کہ تعلیمی کمیشن کی رپورٹ کوفوری طور پرمسترد کیا جائے۔وہ حیدرآباد میں بی جے پی کے ریاستی دفتر میں میڈیا سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کمیشن پرتنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس میں حقیقی ماہرین تعلیم شامل نہیں ہیں بلکہ اسے انتہاپسند نظریات رکھنے والے افراد کی قیادت حاصل ہے،جس سے اس کی ساکھ مشکوک ہوجاتی ہے۔وزیرموصوف نے اس سفارش پرشدید تشویش کااظہار کیاجس میں اساتذہ کی تنخواہوں میں کمی اورکم ازکم پاسنگ مارکس 35 سے بڑھاکر 45 کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ان کے مطابق اس اقدام سے پسماندہ طبقات کے طلبہ اعلیٰ تعلیم سے محروم ہوسکتے ہیں۔بنڈی سنجے کمار نے سرکاری اسکولوں کی ابتر حالت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بنیادی سہولیات اور خاکروبوں کی کمی جیسے مسائل موجود ہیں،جبکہ کمیشن نے ریاست میں مستقل وزیرتعلیم کی عدم تقرری کے معاملے کوبھی نظرانداز کیا ہے۔انہوں نے زور دیا کہ تعلیمی شعبے کی حقیقی بہتری کے لیے بامعنی اصلاحات ضروری ہیں اورموجودہ رپورٹ سرکاری اسکولوں کودرپیش بنیادی مسائل کا کوئی ٹھوس حل پیش نہیں کرتی،اس لیےاسے مکمل طور پرردکردینا چاہیے۔

FIREWORKS FACTORY

آندھراپردیش کے ضلع کاکیناڈا ڈسٹرکٹ کی تحصیل سمارلاکوتا کے علاقے ویٹلاپالم میں واقع سوریہ شری فائرورکس فیکٹری میں آج دوپہرایک زوردار دھماکہ ہوا،جس کے نتیجہ میں 18 افراد ہلاک اورآٹھ شدید زخمی ہوگئے۔دھماکہ اتناشدید تھاکہ اس کی آواز پانچ کلومیٹر دورتک سنی گئی، جبکہ قریبی اسکول کی عمارت کوبھی نقصان پہنچا اور پورا علاقہ گھنے دھوئیں کی لپیٹ میں آگیا۔

ہلاک ہونے والوں میں اکثریت خواتین کارکنوں کی بتائی جا رہی ہے۔ ریسکیو ٹیموں اور فائر بریگیڈ کوفوری طور پر موقع پر تعینات کر دیا گیا تا کہ آگ پر قابو پایا جا سکے اور امدادی کارروائیاں جاری رکھی جا سکیں۔ وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو جو اس وقت وجیا نگرم کے دورے پر ہیں، نے صورتحال کا جائزہ لیا اور وزیرِ داخلہ وی انیتا کو فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچنے کی ہدایت دی ہے۔ مقامی انتظامیہ امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کر رہی ہے جبکہ زخمیوں کو قریبی اسپتالوں میں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔

○○